حصہ ۔ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 2 بوڑھا اپنے ماضی پر کیوں افسوس کر رہا تھا؟

سوال نمبر 3 ہبار بن الاسود کون تھا؟ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

سوال نمبر 4 پاکستان میں کون کون سی علاقائی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

سوال نمبر 5 علیم کو سب سے زیادہ کس چیز نے متاثر کیا؟

سوال نمبر 6 شاہ ولی اللہ کی تحریک کا کیا مقصد تھا؟

سوال نمبر 7 مخصوص رہن سہن کا زبان پر کیا اثر پڑتا ہے؟

سوال نمبر 8 توصیف نے اپنے سسرال والوں کا دل کس طرح جیتا؟

سوال نمبر 9 محمود غزنوی نے تاراگڑھ کے قلعے پر حملہ کیوں نہیں کیا؟

سوال نمبر 10 مندرجہ ذیل الفاظ اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ کھیت کھلیاں۔ تنگ تاریک۔ گزربسر۔ جلی حروف

سوال نمبر 11 بنیے کا ظلم وستم سے مظلوم خاندان کو نجات دلا کر علیم نے کیا محسوس کیا؟

سوال نمبر 12 اللہ تعالیٰ نے سرزمین پر کس طرح اپنی رحمت نازل فرمائی؟

سوال نمبر 13 مندرجہ ذیل الفاظ سے اسم صفت بنائیے۔ کافر۔ باغی۔ حلیم۔ عاجز

حصہ ۔ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 14 مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجیے۔

"آپ روپے کا کوئی فکر نہ کیجیے، میں نے لینے کی نیت سے نہیں دیا۔"

سوال نمبر 15 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی بحوالہ تشریح کیجیے۔

(الف) مسلم ہے تجھی کو حکمرانی — کہ تیرا لاسلطنت ہے جاودانی

(ب) حرم پاک بھی، اللہ بھی، قرآن بھی ایک — کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک

سوال نمبر 16 مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

نظریہ پاکستان — سچی ہمدردی

سوال نمبر 17 "اسلام کی برکتیں" کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔

سوال نمبر 18 نظم "صحرا کی دعا" کا خلاصہ لکھیے۔